سوال

(538)ناجائزمال سے تجارت کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(1) زیدنے کچھ مال ناجائزذرائع سے حاصل کیا۔ عمرونے زید سے وہی مال خرید کرجائز نفع پر آگے تجارت کی عمروکی تجارت کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ (2) پتنگ بازی کے لیے جو دھاگہ استعمال ہوتا ہے اس کی تجارت کے متعلق کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

(1) عمروکی تجارت شرعی لحاظ سے درست ہے بشرطیکہ وہ زید کے ناجائزذرائع والے کاروبار میں شریک ومعاون نہ رہاہو۔

(2) پتنگ بازی جائز نہیں اس لیے محض پتنگ بازی کے لیے استعمال ہونے والا دھاگہ تیار کرنا دھاگہ کی تجارت کرنا درست نہیں۔ واللہ اعلم

وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى ا لْاِثْ مِ وَ ا لْعُدْ وَٰنِ   --مائدة2

''اورگناہ اورزیادتی میں ایک دوسرے کا تعاون نہ کرو''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

خریدو فروخت کے مسائل ج1ص379

محدث فتویٰ